© rasailojaraid.com

امام ابن تیمیہ ایک پرجوش عالم تھے وہ ابتداء ہی سے کتاب وسنت کی روشنی میں اشاعت اسلام میں زیادہ سے زیادہ وقت صرف کیا کرتے تھے ان کی نظر کے سامنے آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد مبارک تھا۔

"من رای منکم منکرا فلمیغیرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ و ذلک اضعف الایمان (صحیح مسلم)

تم میں سے جو کوئی برائی دیکھے تو چاہئے کہ اس کو اپنے ہاتھ سے بدل دے۔ اگر اسکی استطاعت نہ ہو، تو زبان سے کام لے پھر بھی اگر اتنی استطاعت نہ رکھتا ہو تو اپنے دل میں برا سمجھے۔ یہ ایمان کا کمزور درجہ ہے۔

## ذاتی اوصاف اور اخلاق وعادات:۔

امام ابن تیمیہ" کی زندگی اسوہ رسول ﷺ کا ایک روشن ترین نمونہ تھی وہ اپنے ہر عمل میں کتاب وسنت کو پیش نظر رکھتے تھے شب وروز عبادت میں مشغول رہتے۔ بچپن سے مطالعہ کا شوق تھا حق گوئی ان کا ممتاز ترین وصف تھا اور علم و قلم کے ساتھ صاحب سیف بھی تھے اس کے ساتھ منکسرالمزاج، زہد و اتقاء میں بے مثال، ایثار وسخاوت میں لاثانی، عفو و درگزر میں بہت اونچے، تواضع وفروتنی میں یکتا اور استغناء میں اپنی مثال نہیں رکھتے تھے۔

امام ابن تیمیہ" سرعت تصنیف میں اپنا جواب نہیں رکھتے تھے مولانا محمد یوسف کوکن مرحوم نے لکھا ہے کہ بسا اوقات ایک ایک دن میں پوری پوری جلد لکھوا ڈالتے تھے۔ رسالہ حمویہ ظہر اور عصر کے مابین ایک ہی نشست میں لکھ دیا تھا۔ (امام ابن تیمیہ)

مولانا محمد عطاء اللہ حنیف بھوجیانی نے حیات شیخ الاسلام ابن تیمیہ" میں امام وصاحب کی مکمل فہرست تصنیفات فن کے لحاظ سے جمع کی ہے جن کی مجموعی تعداد ۵۹۱ ہے (حیات شیخ الاسلام ابن تیمیہ ص ۷۹۸ تا ۷۳۴)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وبدعت کے خلاف جہاد میں مشغول ہوگئے۔ حافظ ابن کثیر نے البدایہ والنہایہ میں امام صاحب کے حالات میں ان کے شرکت وبدعت کے خلاف سعی وکوشش کا تفصیل سے تذکرہ کیا امام صاحب کی زندگی کا سب سے بڑا مقصد یہ تھاکہ شرک وبدعت کا قلع قمع کیا جائے اور اس کی جگہ کتاب وسنت کا بول بالا ہو۔ چنانچہ امام صاحب نے لوگوں میں جو شرکیہ عقائد رواج پاگئے تھے ان کی تحریری وتقریری تردید کی۔ یہودیت ونصرانیت کے اختلاط سے بہت سے اعمال ایسے رواج پذیر ہوگئے تھے جن کا شریعت اسلامیہ میں کوئی ثبوت نہ تھا امام ابن تیمیہؒ نے ان سب اعمال کی تردید کی اور کتاب وسنت کی روشنی میں واضح کیا کہ صحیح اعمال کس طرح کرنے چاہئیں اس کے ساتھ امام صاحب نے شیعہ عقائد کی بھی صحیح حقیقت واضح کی۔ اور صوفیہ پر بھی تنقید کی۔ اور کتاب وسنت، فقہ اسلامی کی روشنی میں صاف تردید کی۔ امام صاحب کی اس جدوجہد سے نام نہاد صوفیہ کے اندر ایک کھلبلی مچ گئی اور انہوں نے امام ابن تیمیہؒ کے قرآن مجید اور سنت رسول ﷺ کے کھلے ہوئے دلائل۔ کا کوئی جواب نہ دیا اور وہ امام صاحب کی تحریروں اور تقریروں کی غیر معمولی قوت محسوس کر رہے تھے اور بالآخر انہیں امام صاحب کی علمی جلالت کا اعتراف کرنا پڑا۔

---

**بقیہ طلباء جامعہ**

اہل حدیث کی سیاست اور منہج اسلامی تعلیمات سے وابستہ ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کے ایسے بندوں کا گروہ ہے جو آپ ﷺ کے فرمان کے مقابلہ میں کسی دوسرے کی بات کو اہمیت نہیں دیتا۔ قبل ازیں جب مرکزی ناظم اعلیٰ پنڈال میں پہنچے تو مرد مومن مرد حق فضل حق فضل حق مرکزی جمعیت اہل حدیث زندہ باد سرفروش سرفروش یوتھ فورس یوتھ فورس کے زبردست نعروں سے ان کا استقبال کیا گیا۔ مقررین میں رانا محمد شفیق خان پسروری، غازی عبدالباسط، مولانا محمد یوسف انور، مولانا منظور احمد کے نام شامل ہیں۔ جبکہ چودھری عبداللطیف، پروفیسر لیٰسین ظفر، مولانا محمد طیب معاذ، مولانا عبدالرحمٰن سلفی، رانا محمد شفیق، قاری محمد حنیف بھٹی مہر محمد ادریس، حاجی محمد صدیق مولانا سلیم الرحمٰن بھی اس موقعہ پر موجود تھے مزید براں کانفرنس کی تاریخی کامیابی میں اگر ڈاکٹر عبدالرشید، حافظ فلک شیر، میاں محمد فاروق اور محمد ارشد قصوری کا نام نہ آئے تو یہ رپورٹ ادھوری رہ جائے گی۔

© rasailojaraid.com